سوال

(628)آخری رکعت کا ایک سجدہ رہ جائی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں عشاء کی نماز ایک حافظ صاحب نے پڑھائی آخری رکعت میں دو کے بجائے ایک سجدہ کر لیا، پیچھے مقتدی حضرات نے کئی طرح سے اشارہ دیا مگر شاید وہ سمجھ نہ سکے۔ سلام پھیرنے کے بعد جب ان سے کہا گیا کہ آپ نے آخری رکعت میں ایک سجدہ کیا ہے تو انہوں نے سجدۂ سہو کر لیا کیا سجدۂ سہو سے نماز ہو گئی یا چھوڑا ہوا سجدہ بھی کرنا پڑے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ صورت میں امام کو چاہیے کہ پہلے فوت شدہ سجدہ کرے کیونکہ سجدہ ارکانِ نماز میں سے ہے جس کی ادائیگی انتہائی ضروری ہے۔ پھر تشہد مکمل کر کے دو سجود سہو کر کے سلام پھیر دے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :540

محدث فتویٰ